سوال

(1039)جمعہ کی فرض نماز کے بعد چار سنتیں اکٹھی یا دو دو؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جمعہ کے دن جمعہ کی فرض نماز کے بعد سنتیں چار اکٹھی پڑھنا زیادہ افضل ہے یا دو دو پڑھنا افضل ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

جملہ سنن اور نوافل دو دو کرکے پڑھنا زیادہ افضل و اولیٰ ہے، چاہے ان کا تعلق نمازِ جمعہ سے ہو یا کسی اور نماز سے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی ''صحیح''میں بایں الفاظ تبویب قائم کی ہے: ''باب التطوع مثنیٰ مثنیٰ'' پھر سلف صالحین کے آثار و اقوال اور بعض احادیث سے اس امر کو ثابت کیا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ :صفحہ:829

محدث فتویٰ